۱۱۲۔ انا صلوٰۃ المومنین وزکواتھم وحجھم وجھادھم ؛ یعنی میں مومنین کی نماز ان کی زکوٰۃ اور ان کا حج وجہاد ہوں[۱]۔

# حقیقت کی تعریف

## (حدیث کمیل ابن زیاد)

کمیل ابن زیاد نے حضرت امیرالمومنین علیہ السلام سے سوال کیا کہ۔

کمیل۔ یا امیرالمومنینؑ ما الحقیقۃ ؛ (مولا حقیقت کیا ہے)

حضرت امیرالمومنینؑ : مالک الحقیقۃ (تجھے حقیقت سے کیا کام)

کمیل۔ اولست صاحب سرک : مولا کیا میں آپ کا صاحب اسرار نہیں ہوں (کیا آپ صاحب خزانہ نہیں اور کیا میں آپ کا گنجینہ نہیں)۔

حضرت امیرالمومنینؑ : بلی ولکن یرشح علیک مایطفح منی الحدیث : ہاں تو ہمارا صاحب اسرار ہے اور تجھ پر فیض کی بارش ہوتی ہے۔ اچھا سن (۱) الحقیقۃ کشف سبحات الجلال من غیر اشارۃ۔ (حقیقت کیا ہے جلوات نور کا منکشف ہونا بغیر اس کے بتلانے کے)

کمیل : زدنی بیانا یا امیرالمومنین۔

(۲) حضرت امیرالمومنینؑ۔ محو الموھوم وصحو المعلوم ؛ (موہوم چیز کا مٹ جانا اور معلوم چیز میں زیادتی ہو جانا۔

کمیل ؛ زدنی بیانا یا امیرالمومنینؑ ؛

(۳) حضرت امیرالمومنینؑ ؛ ھتک الستر وغلبۃ السر (راز کا فاش ہونا اور راز کا غالب آ جانا یعنی کھل جانا۔

کمیل : زدنی بیانا یا امیرالمومنینؑ ؛

(۴) حضرت امیرالمومنینؑ۔ الحقیقۃ ما ھی جذب الاحدۃ ؛ (حقیقت کیا ہے۔ ذات احدیت میں جذب ہو جانا۔

کمیل : زدنی بیانا یا امیرالمومنینؑ ؛

---

[۱] : مولانا روم فرماتے ہیں : سبحان حی لاینام بیدار زہر صبح وشام
حج ونماز است وصیام اللہ مولانا علیؑ

(۵) حضرت امیرالمومنینؑ :

کمیل : زدنی بیانا یا امیرالمومنینؑ :۔

(۶) حضرت امیرالمومنینؑ :۔ اطفی السراج (چراغ کو بجھا دینا)

# شرح حدیث کمیل ابن زیاد

مرتضیٰ آں پادشاہ پاک ذیل ریخت فیض حقیقت بر کمیل
گفت با او آں کمیل پاک دین ما الحقیقۃ یا امیرالمومنینؑ
مرتضیٰ گفتہ با آں کامل عیار با حقیقت مر ترا باشد چہ کار
گفت شاہا گرچہ من نہ نیستم صاحب سرّ تو آیا نیستم
نہ توی گنجور و من گنجینہ ات نہ توی منظور و من آئینہ ات
شاہ فرمودش بلے اے محترم صاحب سر منی بے بیش و کم
محرمی لیکن علیک یر شح کل فیض من جناب یطفح
چوں شوم لبریز از فیض درود بر تو ریزد رشحۂ زاں فیض جود
قال ما من حرث منک کاملا مثلک ربک یجیب سائلا
ربّ لا تقہر یتیما عائلاً ربّ لا تنہر نقیراً سائلا
(۱) در جوابش گفت آں بحر کمال الحقیقۃ کشف سبحات الجلال
پردہ خورشید جز انوار چیست شمس را جز نور او سیار چیست
چوں برآں انوار افتد چشم جاں ذات را تسبیح گوید بے زباں
چیست آں سبحات حق جلوات نور نور چہ بود گوش کن عین ظہور
ذات از فرط ظہور و انجلا دائما اندر بطون است و خفا
گفت چوں بشنید آں حرف عجیب یا علیؑ زدنی بیانا کئی اجیب
بار دیگر شاہ فیاض و نعم در جوابش گفت از روئے کرم
(۲) کایں حقیقت محو موہوم آمدہ کہ قریں با صحو معلوم آمدہ
پردہ ہائے وجہ شمس لایزال کہ معبر شد بہ سبحات جلال
نیست الّا ہستی موہوم تو باش حاضر تا شود معلوم تو

لیس بیّنا ربنا و بیننا — حاجبا یحجبہ الّا عیننا
شمس حق را ہستی دہی حجاب — ابر را شد منکشف شد آفتاب
صحو چوں انکشاف آں غمام — از رخ شمس منیر بے ظلام
محو ہستی صحو ہشیاری بود! — آنچہ خواب و ایں چہ بیداری بود
محو چوں آں فنا اندر فنا — صحو چوں آں بقا اندر بقا
واصلان منزل حق الیقین — جملگی مستاں ہشیار آفرین
چوں کمیل از جام ساقی گشت مست — دست ساقی برد او را خوش زدست
پردۂ ہستی موہوش درید — حرص او را فزود و شوقش شد پدید
چوں فزودش شوق بادۂ حرص جاں — ارش زدنی بیانا بر زباں
از کرم جام دگر گردش عطا — شد صفا اندر صفا اندر صفا (۳۰)
ما الحقیقۃ گوش کن گر طالبی — هتك سر غلبة سر غالبی
گشت غالب چونکہ ستر معنوی — شاہ دل در ملک جانت شد قوی
ہستیٔ مطلق وجودی بس لطیف — چوں قوی آمد تعین شد ضعیف
نور ہستی غالب آمد شد مزید — پردہ ہائے ستر معنی را درید
سر چوں غالب شد غلق مغلوب شد — سر سر آمد خار و خس جاروب شد
زور آتش دیگ را پر جوش کرد — دستہ اندر ہستیٔ سر نوش کرد
سیل از کہسار آمد پر شتاب — بند و بست پشتہ دل شد خراب
چوں کمیل ایں نکتہ از شہ گوش کرد — جرعۂ سیم زساقی نوش کرد
شستہ گشتش نقش ہشیاری ز دل — می فزودش عشق و مستی متصل
کرت آخری ز پاکیزہ دلی — گفت خوش زدنی بیانا یا علیؑ
چشم از نور رخت بے نور نیست — گرز رخ برقعہ کشائی دور نیست
پردہ ہا از نور و ظلمت آں جلیل — خوش برافگندہ برخسار جمیل
اہل دل را در مقامات کمال — در پس ہر پردہ ذوق و وجد و حال
انکشاف ہر حجابی زاں حجب — ہست معراجی برائے اہل لب
چوں یکی پردہ کشاید شاہ دل — دل شود اندر مقامی مستقل

مستقل شد دل چوں اندر منزلی / بایدش چشم دگر دیگر دلی
تا مقام دیگرش ایق بود / منزلی دیگر بوے اوفق بود
پردہ پردہ پردہ ہائے پاک ذیل / منکشف می کرد بر چشم کمیل
بادہ اش پالودہ بود و صاف صاف / کرد استدعائے دیگر انکشاف
پردہ دیگر کشودش آں ودود / دیدۂ دیگر بہ بخشیدش زجود!
مر حقیقت را چہارم شارحی / شاہ فرمودش بقول واضحی
الحقیقہ ما ھی جذب الاحد / ما لاحد مالا تجری لا بعد
چوں احد توحیدرا جاذب شود! / آں شود مغلوب وآں غالب شود
زانکہ مجذوب است مغلوب جذوب / شاہ جذاب است غالب بر قلوب
قل لنا التوحید ماھوای پناہ / حکمنا بالواحدیت لا الہ
قل لنا ما الواحدیت اے سند / اندراج الکل فی جمع الاحد
چونکہ مغلوبش شود حکم کثیر / می رود ازوے ایا مرد بصیر
حکم جاذب گیرد ایں مجذوب تو / نعمت غالب گیرد ایں مغلوب تو
سر غالب گر کند هتک سر / نیست جز ذات احدائے بے نظیر
سر منتھو کی کہ مغلوب وے است / ہست توحیدی کہ مجذوب وے است
چوں کمیل آں جرعۂ چارم چشید / نشۂ بحر الاحد آمد پدید
جمع مطلق ایخناں اور دار بود / کہ زفرقش آگہی مطلق نہ بود
گفت دیگر رہ اماما عارفا / خاصا زدنی بیانا کاشفا
شاہ چوں دیدش بہ بحر جمع غرق / بے خبر گردیدہ از احکام فرق
خوش کشا نیدش بہ بحر تفرقہ / تار تعطیلش برد در زندقہ
جعفر صادق ؑ شہ عالی اثر / ایں چنیں گفتا باصحاب نظر
انّ جمعا ینفرد عن تفرقہ / محض تعطیل است وعین زندقہ
انّ تفریقا عن الجمع خلا / کان تشبیہا وشرکا ظاهرا
جمع بین الجمع والفرق اے مدل / ہست توحید قویم معتدل
آں حقیقت داں کہ از صبح الازل / شارق آمد نور شمس لم یزل
پس شود آثار آں لایح ترا / پس شود احکام آں واضح ترا

بر مرایائے تجلّی وجود !! ہر مجالی ظہور نور جود !
ہر یکی از آں مرایائے کمال ہر یکی از آں مجالئی جمال
واحدیت راست تمثال دگر ہیکل توحید بست اے بابصر
آں ہیاکل دان تماثیل لطیف واحدیت راست مرات شریف
وصف وحدت درہمہ ساری بود حکم وحدت درہمہ جاری بود
از دم رابع تکمیل با نظام کرد چوں سیرالی اللہ را تمام
وقت آں شد کہ تکمیل اکمل شود فاضل و عارج شود افضل شود
چوں شود سیرالی اللّٰہ تمام کامل الذاتی تو عالی مقام
اے عجب زیں کامل بے تفرقہ کہ کمالش ہست عین زندقہ
مرحبا و حبذا زندیق خاص کہ زند صد طعنہ برصدیق خاص
کیست ایں زندیق غرق بحر جمع اوچو پروانہ احد او را چو شمع
کیست ایں زندیق آں مست عشق کہ امامش خواند زندیق طریق
عاشقی را نسبت از معشوق پاک سوئے زندیقی بود با اشتراک
خاک گر باشد سیہ عاری ز نور ظلمتش داں عین نور اے باحضور
کفر اینجا عین ایمان شریف زندقہ شد عین توحید لطیف
زندقہ اہل کمال است اے پسر ہر کہ ایں زندیق نہ خاکش بہ سر
کاملیت لاجرم ایں زندقہ است زندقہ جمع عری از تفرقہ است
اکملیت چیست دانی اے رفیق منزل سیرالی اللہ اے عشیق
در مرایا ہمچو حق ظاہر شدن درہمہ بر خویشتن ناظر شدن
سوئے فوق از جمع خوش باز آمدن ہمچو حق سرتا بہ پا ناز آمدن
درہمہ اطوار سائر آمدن باہمہ ادوار دائر آمدن
فوق بعد الجمع باشد ایں مقام ہست ذوالعینین آں مرد تمام
آں یکی عینش سوئے جمع آمدہ واں دگر عینش سوئے فرع آمدہ
فرق چشمش را حجاب از جمع نیست فرق وے چوں فرق اہل سمع نیست
فرق قبل الجمع فرق اہل جمع عین فرق آں حجاب عین جمع

عین فرقش نہ حجاب فرقش جمع — سالک مطلق نہ چوں اصحاب سمع
سالک مطلق نباشد سمع محض — نہ بود مجذوب مطلق جمع محض
جمع کردہ خوش بہم جذب وسلوک — جامع وصف عبید وہم ملوک
عاشقاں جملہ عبید درشہ است — نائب ربانی ظل اللہ است
چوں کمیل از چارم زاں عفار — مالک ملک بقا شد تاجدار
تاجداری خواست گردد تاج بخش — بعد معراجش شود معراج بخش
گفت کای ساقی فیاض وجود!! — سلاماً زدنی بیانا کی وجود
در جوابش گفت آں عادل مزاج — کای کمیل معنوی اطفی السراج
اطف مصباحاً فان صبح لاح — سکن المصباح اذلاح الالصباح
صبح لایح چیست آں صبح ازل — حضرت ذات احد عز وجل
لام الف در لفظ الصبح اے امیر — سوے آں صبح ازل آید مشیر
در جواب پنجمیں صبح ازل — یاد کن از قول شاہ بے بدل
در جواب چار میں جذب الاحد — جذب الصبح الازل داں اے سند
چیست آں نور احد صبح ازل — اول است و باطن است دلم یزل
نور واحد چیست مصباح کمال — اخر است و ظاہر است ولایزال
ایں ہمہ اطلاق تجرید آمدہ — ایں ہمہ تعلیق و تقیید آمدہ
نور توحید است آں لامع سراج — ھیکل التوحید مشکوٰۃ الزجاج
آں ھیاکل آں حقائق آمدہ — آں حقائق نور شارق آمدہ
گاہ الٰہی و ربّانی بود! — گاہ اعیانی واکوانی بود!
عالم اسماء بود قسم یکم — عالم اکواں بود قسم دوم
قسم اول آمدہ ہمچو زجاج — قسم دوم چیست مصباح السراج
اے کمیل خاص اطلق عن قیود — اطف مصباحا ید اصبح الشھود
ایں ھیاکل جملہ قید جاں تست — ایں حقائق حاجب بینان تست
حاجبین شہ کہ توسین آمدہ — خود حجاب و پردہ عین آمدہ
گر حجاب قاب توسین بردرے — خوش بہ خلوت گاہ او ادنیٰ پری

www.hubeali.com admin@hubeali.com

چوں باو ادنیٰ رسیدی زیں دنو ... حاصل آمد جانت را سر علو
زانکہ حق را در دنو آمد علو ... ذات شہ را در علو باشد دنو
قاب قوسین چیست بجز احمدی ... اجتماع با حدی وبے حدی
آں یکی قوسش بود بجز احد ... قوس دیگر بجز واحد ذوعدد
چیست او ادنیٰ بگو بجز احد ... خالص از تعلیق و تقیید و عدد
لی مع اللہ ہست اینجا آں علیؑ ... احمدا تو خود بنی مرسلی !!
احمدیت خود حجاب عین بین ... خرقۂ احمد بینداز اے امیر
در مقام لی مع ماذ الوصول ... می نگنجد نہ نبی و نہ رسولؐ
تو سراج بس منیری احمدا ... نور بخش ہر ضمیری احمدا
گشت طالع از دلت صبح احد ... منطق شد آں سراج ذوالعدد
آں نبوت از میاں شد برکنار ... جلوہ گر ذات العلی باقتدار
جلوۂ ذات العلیٰ مقتدر ... چوں عیاں شد شد نبوت مستتر
استتار اینجانہ بطلان وفناست ... بلکہ خود تکمیل نور کبریاست
معنی اطفی السراج ابطال نیست ... ستر ایں اطفا بجز اکمال نیست
انما اللہ متم نورہ ... یخرق الاستار عن مستورہ
چیست ایں اتمام تخریق حجاب ... پردہ وا شد منکشف شد آفتاب
نسبت ایں کشف الغطا ابطال نور ... بلکہ خود اکمال نور است وظہور
ذات از کشف الغطا رشد مستبین ... بعد کشف الحجب زاد الیقین
ہر کسے از کشف افزودش کمال ... غیر ذات آں علی ذو الجلال
زانکہ پیش از کشف شد ذات الیقین ... شمس حق عین یقینش را جبین
در شبش بود آفتاب بے زوال ... جلوہ گر بر دیدہ صاحب کمال

سراو کشف الغطا از آں جناب (ص۱۴۲) ایں بود واللہ عالم بالصواب

از دیوان مظفر کرمانی متوفی سنہ ۱۲۱۵ھ

ہر کہ تاج معرفت برسر نہاد ... از دم جاں بر در حیدر نہاد
خرقہ گر پوشید آں مرد ولی ... از علیؑ پوشیدہ اولاد علیؑ

اولیائے شیعیان مرتضیٰؑ — منتشر کردہ رہ و رسم ھدیٰ
ہم باذن رخصت امر امام! — منتشر عرفاں شدہ بر خاص و عام
حاصل سر مقنع حباں نشاں — رشح جام و کشف ایقان شان

(از مظفر)

# معرفت نورانی

بصائر الانوار میں لکھا ہے کہ سلمان اور ابوذر نے سوال کیا کہ یا امیر المومنین آپ کی معرفت نورانی کیا ہے حضرت نے جواب دیا کہ رسول خداؐ نے فرمایا کہ نورانیت کے ساتھ علیؑ ابن ابی طالب کی معرفت خداوند عز و جل کی معرفت ہے اور نورانیت کے ساتھ خدا کی معرفت دین خالص ہے۔

پھر فرمایا:-

من كان ظاهره في ولايتي اكثر من باطنه خفّت موازينه يا سلمان لا يكمل المومن ايمانه حتى يعرفني بالنورانية واذا عرفني بذلك فهو مومن امتحن الله قلبه للايمان وشرح صدره للاسلام وصار عارفا بدينه مستبصرا ومن قصر من ذلك فهو شاك مرتاب ۵

يا سلمان ويا جندب ان معرفتي بالنورانية معرفة الله ومعرفة الله معرفتي وهو الدين الخالص بقول الله سبحانه "وما امروا الا بالتوحيد وهو الاخلاص وقوله "حنفاء" وهو الاقرار بنبوة محمد وهو الدين۔

جس شخص کا ظاہر میری ولایت میں اس کے باطن سے زیادہ ہو اس کے اعمال کا وزن ہلکا ہے اے سلمان مومن کا ایمان اس وقت تک کامل نہیں ہوتا جب تک کہ وہ مجھے نورانیت کے ساتھ نہ پہچان لے اور جب اس نے نورانیت کے ساتھ مجھے پہچان لیا۔ وہ مومن ہے جس کے قلب کا خدا نے ایمان کے ساتھ امتحان لے لیا اور اس کے سینہ کو اسلام کے لئے کھول دیا پس وہ اپنے دین کا عارف اور مستبصر ہوگیا اور جو اس سے قاصر رہا وہ شک کرنے والا اور شبہات شیطانیہ میں گرفتار ہے اے سلمان و جندب بتحقیق کہ نورانیت کے ساتھ میری معرفت خدا کی معرفت ہے اور خدا کی معرفت میری معرفت ہے اور یہی دین خالص ہے بقول خدائے تعالیٰ کہ "ان کو نہیں حکم دیا گیا ہے ان کو مگر توحید کا اسی کا نام اخلاص ہے اور اس کا قول "مخلص" اقرار ہے محمدؐ کی

عہ آیت نمبر ۱۰ پارہ اوّل

الحنیفؑ[ع۲] وقوله "ويقيما لصلوٰة" وهي ولايتي فمن والاني فقد اقام الصلوٰة وهو صعبٌ مستصعب "ويوتي الزكوٰة" وهو الاقرار بالائمة وذالك دين الله القيم شهد القران ان الدين القيم الاخلاص بالتوحيد والاقرار بالنبوة والولاية فمن جآء بهذا فقد اتى بالدين ۞

يا سلمان ويا جندب المومن الممتحن الذي لم يرد عليه شئ من امرنا الا شرح الله صدره بقوله ولم يشك ولا يرتاب ومن قال لم وكيف فقد كفر فسلم الله امره فنحن امر الله ۞

يا سلمان ويا جندب ان الله جعلني امينه على خلقه وخليفته في الارضه وبلاده وعباده واعطاني ما لم يصفه الواصفون ولا يعرفه العارفون فاذا عرفتموني هكذا فانتم مومنون ۞

يا سلمان قال الله تعالى واستعينو بالصبر والصلوٰة فالصبر محمد والصلوٰة ولايتي ولذلك قال " وانها لكبيرة " ولم يقل " وانهما " ثم قال " الا على الخاشعين " فاستثنى اهل ولايتي الذين استبصروا بنور هداية.

يا سلمان نحن سر الله الذي لا يخفى

نبوت کا اور وہی دین حنیفؑ[ع۲] ہے اور اس کے قول "قائم کرو صلوٰۃ" سے میری ولایت مقصود ہے پس جس نے ہم سے ولا رکھی ضرور اس نے صلوٰۃ کو قائم کیا اور وہ سخت اور دشوار تر منزل ہے اور یوتی الزکوٰۃ سے ائمہ کی منزلت و مقام کا اقرار مقصود ہے اور یہی خدا کا دین قائم ہے۔ قرآن گواہی دیتا ہے کہ دین قائم اخلاص ہے توحید کے ساتھ اور اقرار ہے نبوت اور ولایت کے ساتھ پس جس نے اس پر عمل کیا اس نے دین کو حاصل کیا۔

اے سلمان و اے جندب امتحان دیا ہوا مومن وہ ہے کہ جس پر ہمارے امر سے کوئی چیز وارد نہیں ہوتی مگر یہ کہ اللہ اس کے سینہ کو اس کے قبول کرنے کے لئے کشادہ کر دیتا ہے۔ اور اس میں وہ شک و شبہ نہیں کرتا اور جس نے کہا کیونکر اور کیسے وہ کافر ہو گیا پس اللہ کے امر کو مان لو کہ ہم امر اللہ ہیں۔

اے سلمان و اے جندب خدا نے مجھے اپنی مخلوق پر امین قرار دیا ہے اور اپنی زمین شہروں اور بندوں پر اپنا خلیفہ قرار دیا ہے اور مجھے وہ سب کچھ عطا کیا ہے جس کا نہ ہی وصف کرنے والے وصف کر سکتے ہیں اور نہ عارفین جان سکتے۔

پس جب تم نے مجھے اس طرح پہچانا تم مومن ہو۔

اے سلمان! خدا نے فرمایا کہ " استعانت چاہو

---

ع۲ : حنیف یعنی جو غلط مذہب سے پھر کر صحیح مذہب اختیار کرے مذہب میں مخلص جمع حنفاء

و نوره الذی لا یطفی و نعمة التی لا تجزی
اولنا محمد و اوسطنا محمد و آخرنا محمد
فمن عرفنا فقد استکمل الدین القیمة
یا سلمان و یا جندب! کنت و محمد نوراً
نسبح قبل المسبحات و نشرق قبل المخلوقات
فقسم الله ذلک النور نصفین نبی مصطفیٰ
و وصی مرتضیٰ فقال الله عزوجل لذلک
النصف کن محمداً و للآخر کن علیاً و لذلک

قال النبی انا من علی و علی منی ولا یؤدی
عنی الا انا و علی . و الیه الاشارة بقوله
وانفسنا وانفسکم وهو اشارة الی اتحاد
هما فی عالم الارواح والانوار و مثله قوله
فان مات او قتل والمراد ههنا مات او قتل
الوصی لانهما شئ واحد و معنی واحد و
نور واحد اتحدا بالمعنی والصفة و افترقا
بالجسد والتسمیة فهما شئ واحد فی عالم
الارواح و قول رسول انت روح التی بین
جنبی و کذا فی عالم الاجساد انت منی و انا
منک ترثنی و ارثک انت منی بمنزلة الروح
من الجسد ... و الیه الاشارة بقوله صلو
علیه و سلمو تسلیماً۔
ومعناه صلوا علی محمد و سلموا لعلیؑ
امره فجمعهما فی جسد و احد جوهری و
فرق بینهما بالتسمیة والصفات فی

صبر اور صلوٰۃ کے ساتھ۔
پس صبر محمد اور صلوٰۃ میری ولایت ہے اور
اسی وجہ سے فرمایا کہ بہ تحقیق یہ بہت دشوار ہے۔ اور
صرف بہ تحقیق نہیں فرمایا۔ پھر فرمایا " الا علی الخاشعین
یعنی سوائے اہل خشوع کے۔ پس ہمارے اہل ولایت
کو جنہوں نے ہمارے نور ہدایت سے بصیرت حاصل کی
ہے اس سے مستثنیٰ کر دیا۔
اے سلمان ہم خدا کے وہ راز ہیں جو مخفی نہیں
اور خدا کا وہ نور ہیں جو بجھایا نہیں جا سکتا اور ہم اس
کی وہ نعمت ہیں جس کا کوئی معاوضہ نہیں ہو سکتا۔ ہمارا
اول بھی محمد ہے اوسط بھی محمد ہے اور آخر بھی محمد ہے
پس جس نے ہمیں اس طرح پہچانا اس نے اپنے دین
قائم کی تکمیل کی۔
اے سلمان و اے جندب میں اور محمد ایک نور
تھے اور تسبیح کرنے والوں سے پہلے تسبیح کرتے تھے اور
مخلوقات کے پہلے سے متجلی رہتے تھے پس اللہ نے اس
نور کی نبی مصطفیٰ اور وصی مرتضیٰ میں تنصیف کی۔ پس اللہ
عزوجل نے ایک نصف سے کہا کہ محمدؐ ہو جا اور دوسرے
نصف سے کہا علیؑ ہو جا اور اسی لئے نبی نے فرمایا کہ
میں علیؑ سے ہوں اور علیؑ مجھ سے ہے اور کوئی
شخص سوائے میرے اور علیؑ کے ہماری طرف
سے (کارہائے تبلیغ) انجام نہیں دے سکتا اور اسی
طرف قول خدا کا اشارہ ہے کہ " انفسنا و انفسکم اور یہ
اشارہ عالم ارواح و انوار میں ان دونوں کے اتحاد کی
طرف ہے اور خدا کے قول کہ اگر وہ مر جائے یا قتل کر دیا

الامر فقال صلوا علیہ وسلموا تسلیما۔
فقال صلّوا علی النبیّ وسلّموا علی الوصی
ولا تنفعکم صلوٰتکم علی النبی بالرسالۃ
الا تبسلیمکم علیٰ علی بالولایۃ ؎

یا سلمان و یا جندب! وکان محمد الناطق
وانا الصامت ولایۃ فی کل زمان من صامت
وناطق فمحمد صاحب الجمع وانا صاحب
الحشر و محمد المنذر وانا الھادی ومحمد
صاحب الجنۃ وانا صاحب الرجعۃ محمد
صاحب الحوض وانا صاحب اللوآء محمد
صاحب المقاتیح وانا صاحب الجنۃ والنار
محمد صاحب الوحی وانا صاحب الالھام
محمد صاحب الدلالت وانا صاحب انا صاحب المعجزات
محمد خاتم النبیین وانا خاتم الوصیین ومحمد
صاحب الدعوۃ وانا صاحب السیف والسطوۃ محمد النبی الکریم انا
الصراط المستقیم محمد الرؤف الرحیم
وانا العلی العظیم ؎

یا سلمان قال اللہ سبحانہ یلق
الروح من امرہ علی من یشاء من عبادہٖ
ولا یعطی ھذا الروح الا من فوض الیہ
الامر والقدرۃ وانا احی الموتی واعلم ما
فی السموات والارض وانا الکتاب المبین ط

یا سلمان محمد مقیم الحجۃ و
انا حجۃ الحق علی الخلق وبذلک
الروح عرج بہ الی السماء انا حملت

جائے؛ کا مقصد یہ ہے کہ نبی مر جائے یا وصی قتل کر دیا
جائے کیونکہ یہ دونوں شے واحد معنی واحد اور نور واحد
ہیں اور معنی وصفت میں متحد ہیں اور جسد اور نام ایک
دوسرے سے علیحدہ ہیں پس وہ دونوں عالم ارواح میں
شئے واحد ہیں جیسا کہ رسول اللہؐ نے فرمایا "تم وہ روح
ہو جو میرے پہلو میں ہے اور اسی طرح عالم اجتہاد کے
لئے فرمایا تم مجھ سے ہو اور میں تم سے ہوں میں تمہارا
وارث ہوں اور تم میرے وارث ہو تم مجھ سے بمنزلت
روح کے ہو جسد سے ... اور اسی طرف قول خدا کا ارشاد
ہے کہ صلو علیہ وسلمو تسلیما اور اس کی معنی ہے کہ صلوٰۃ
محمدؐ پر اور سلام علیؑ پر بھیجو پس اس نے جمع کیا ان
دونوں کو جسد واحد جوہری میں اور فرق کیا دونوں کے
درمیان تسمیہ اور صفات کے ساتھ پس فرمایا صلوعلیہ
وسلموتسلیما یعنی صلوٰۃ بھیجو نبی پر اور سلام وصی پر صرف
نبی پر تمہاری صلوات رسالت کے ساتھ فائدہ نہیں
پہنچا سکتی جب تک کہ تم علیؑ کو ولایت کے ساتھ
تسلیم نہ کرو۔

اے سلمان واے جندب اپنے زمانہ میں محمدؐ
ناطق تھے اور میں صامت' ہر زمانہ میں صامت اور
ناطق دونوں متصرف رہتے ہیں۔

پس محمدؐ صاحب الجمع ہیں اور میں صاحب
حشر محمدؐ ڈرانے والے ہیں اور میں ہدایت کرنے والا محمدؐ
صاحب جنت ہیں اور میں صاحب رجعت محمدؐ صاحب
حوض ہیں اور میں صاحب لوا ہوں محمدؐ صاحب مفاتیح
ہیں اور میں صاحب جنت و جہنم' محمدؐ صاحب وحی ہیں

نوحًا فی السفینۃ۔ انا صاحب یونس فی بطن
الحوت وانا الذی جاوزت موسیٰ فی البحر و
اھلکت القرون الاولی اعطیت علم
الانبیاء والاوصیاء وفصل الخطاب
وبی تمت نبوۃ محمد انا اجریت الانھار
والبحار وفجرت الارض عیونًا۔ انا کاب
الدنیا لوجھھا انا عذاب یوم الظلۃ انا
الخضر معلم الموسیٰ انا معلم داؤد و
سلیمان انا ذوالقرنین، انا الذی رفعت
سمکھا باذن اللہ عزوجل انا دعوت
ارضھا انا عذاب یوم اظلہ انا المنادی
من مکان بعید، انا دابۃ الارض
انا کما قال لی رسول اللہ انت یا علی
ذوقرنیھا وکلا طرفیھا ولک الاخرۃ
والاولیٰ ۃ

یا سلمان ان میتنا اذا مات لم یمت
ومقتولنا لم یقتل وغائبنا اذا غاب لم
یغب لم نلد ولم نولد فی البطون
ولا یقاس بنا احد من الناس انا تکلمت
علیٰ لسان عیسیٰ فی المھد، انا نوح، انا
ابراھیم انا صاحب الناقۃ انا صاحب
الرجفۃ انا صاحب الزلزلۃ انا اللوح
المحفوظ الیٰ انتھیٰ علم ما فیہ انا
اتقلب فی الصور کیف شاء اللہ من
راھم فقد رانی ومن رآنی فقد رآھم

اور میں صاحب الہام، محمدؐ صاحب دلالت ہیں اور میں
صاحب معجزات محمدؐ خاتم النبین ہیں اور میں خاتم
الوصیین محمدؐ صاحب دعوات ہیں اور میں صاحب
سیف وسطوت محمدؐ نبی کریم ہیں اور میں صراط مستقیم
محمدؐ روف ورحیم ہیں اور میں علی العظیم ہوں۔

اے سلمان خدا نے فرمایا کہ وہ اپنے بندوں میں سے
جس کو چاہتا ہے روح سے القا کرتا ہے اور یہ روح
کسی کو عطا نہیں ہوتی مگر جس کو امر اور قدرت تفویض کئے
گئے ہوں چنانچہ میں زندہ کرتا ہوں مردوں کو اور جانتا
ہوں جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اور میں کتاب
مبین ہوں۔

اے سلمان محمدؐ قائم کرنے والے ہیں حجت کے
اور میں مخلوق پر حجت خدا ہوں اسی لئے روح اس کے
ساتھ آسمان کی طرف بلند ہوئی۔ میں نے نوحؑ کو کشتی میں
سوار کیا۔ میں مچھلی کے پیٹ میں یونس کا ساتھی تھا۔ میں
ہی وہ ہوں جس نے موسیٰ کو بحر سے گذار دیا اور قرون
اولیٰ کو ہلاک کیا۔ مجھے علم انبیاء و اوصیاء اور فصل خطاب
عطا کیا گیا ہے اور محمدؐ کی نبوت تمام مکمل ہوئی میری وجہ
سے میں ہوں نہروں کا اور سمندروں کا جاری کرنے والا
میں نے زمین میں چشمے جاری کئے۔ میں دنیا کے باپ کے
مثل ہوں میں، ہوں یوم ظلّہ کا عذاب بھیجنے والا میں
موسیٰ کا معلم خضر ہوں میں معلم ہوں داؤد، سلیمان کا میں
ذوالقرنین ہوں۔ میں وہ ہوں جس نے دفع کیا اس کے
نشیب وفراز کو حکم خدا سے۔ میں ہی نے زمین کو پھیلایا میں
یوم ظلمت کا عذاب بھیجنے والا ہوں میں مکان بعید

ونحن فی الحقیقۃ نور اللّٰہ الذی لایزول ولا یتغیرہٗ

یا سلمان بنا شرف کل مبعوث فلا تتخذونا اربابا وقولوا فینا ما شئتم ففینا هلك وبنا نجیٰ ہٗ

یا سلمان من آمن بما قلت وشرحت فھو مومن امتحن اللّٰہ قلبہ للایمان ورضی عنہ ومن شک وارتاب فھو ناصب وان ادعی ولایتی فھو کاذب ہٗ

یا سلمان انا والھداۃ من اھلبیتی سر اللّٰہ المکنون واولیاؤہ المقربون کلنا واحد وسرنا واحد فلا تفرقوا فینا فتھلکو فانا نظھر فی کل زمان لما شآء الرحمٰن فالویل کل الویل لمن انکر ما قلت ولا ینکرہ الا اھل الغباوۃ ومن ختم علیٰ قلبہ وسمعہ وجعل علیٰ بصرہ غشاوۃ ہٗ

یا سلمان انا ابو کل مومن ومومنۃ

یا سلمان انا الطامۃ الکبریٰ انا الازفۃ اذا ازفت انا الحاقۃ انا القارعۃ انا الغاشیۃ ہٗ انا الصاخۃ انا المحنۃ النازلۃ ونحن الایات والدلالات والحجب ووجہ اللّٰہ انا کتب اسمی علی العرش فاستقر وعلی السماوات فقامت وعلی الارض فرشت وعلی الجبال فرست وعلی الریح فذرت وعلی البرق

سے ندا دینے والا ہوں میں دابۃ الارض ہوں میں وہ ہوں جیسا کہ رسول اللہ نے فرمایا یا علی تم ذوالقرنین ہو اور اس کے دونوں کنارے ہو تمہارے ہی لئے ابتدا بھی ہے اور انتہا بھی۔

اے سلمان ہم میں سے کوئی مرجائے تو وہ مردہ نہیں اور کوئی ہمارا مقتول ہو تو وہ قتل ہی نہ ہوا اور ہم میں کا غائب غائب نہیں ہمارا سلسلہ توالد وتناسل بطون میں نہیں اور لوگوں کی طرح ہم پر قیاس نہیں کیا جاسکتا۔ میں نے گہوارہ سے عیسیٰ کی زبان سے بات کی تھی۔ میں نوح کا مونس اور ابراہیم کا مددگار ہوں میں عذاب کا بھیجنے والا ہوں اور میں صاحب رجفہ اور صاحب زلزلہ ہوں میں لوح محفوظ ہوں اور اس میں جو کچھ علم ہے مجھ ہی پر منتہا ہوا جس صورت میں خدا چاہتا ہے میں منقلب ہوجاتا ہوں جس نے ان صورتوں کو دیکھا مجھے دیکھا اور جس نے مجھے دیکھا اس نے ان کو دیکھا ہم درحقیقت اللہ کا وہ نور ہیں جس کو نہ زوال ہے اور نہ تغیر۔

اے سلمان ہر پیغمبر نے ہمارے ہی سبب سے شرف حاصل کیا تم ہمیں خدا نہ کہو اور پھر ہمارے بارے میں جو چاہو کہو پس ہماری ہی وجہ سے ہلاک ہونے والا ہلاک ہوا اور نجات پانے والے نے نجات پائی۔

اے سلمان میں نے جو کچھ کہا اور شرح کی اس پر جو ایمان لایا وہ مومن ہے جس کے قلب کا امتحان اللہ نے ایمان کے ساتھ لیا ہے۔ اور اس سے راضی ہے اور جس نے شک کیا وہ ناصبی ہے اگر وہ ہماری ولایت کا دعوی کرے تو جھوٹا ہے۔

فلمع وعلی البرق فلمع وعلی النور فسطع وعلی السحاب فدمع وعلی الرعد فخشع وعلی اللیل فدجیٰ و اظلم وعلی النهار فانار و تبسم ؕ

(مشارق الانوار)

اے سلمان میں اور وہ ہادی جو میری اہلبیت سے ہیں خدا کے راز مکنون اور اس کے مقرب اولیا ہیں۔ ہم سب ایک ہیں ہمارا امر ایک ہے اور ہمارا راز ایک ہے پس ہم میں تفرقہ نہ ڈالو ورنہ ہلاک ہو جاؤ گے۔ ہم ہر زمانہ میں حسب مشیت رحمانی ظاہر ہوں گے وائے ہے بالکل وائے ہے اس شخص کے لئے جو اس سے انکار کرے جو میں نے کہا ہے کوئی شخص اس سے انکار نہیں کرتا مگر وہی جو غبی اور احمق ہے اور جس کے قلب اور کانوں پر مہر لگی ہوئی ہے اور جس کی آنکھوں پر پردہ پڑا ہوا ہے۔

اے سلمان میں ہر مومن و مومنہ کا باپ ہوں۔ اے سلمان میں بہت بڑا گرا دینے والا ہوں میں جلد آنے والا ہوں میں جب آجاؤں سب کو گھیر لینے والا سب کے دلوں پر ضرب لگانے والا اور سب کو ہرا کر دینے والا ہوں میں نازل ہونے والا امتحان ہوں۔ ہم خدا کی آیات ہیں اور اس کی دلیلیں اور حجاب ہیں۔ اور وجہ خدا ہیں۔ میں وہ ہوں جس کا نام عرش پر لکھا ہوا ہے۔ اسی لئے وہ قرار پایا اور آسمانوں پر لکھا ہوا ہے۔ جس سے وہ قائم ہوئے اور زمین پر لکھا گیا تو وہ قرار پکڑی اور پہاڑوں پر لکھا گیا تو وہ بلند ہوئے۔ اور ہوا پر لکھا گیا تو وہ اڑنے لگی اور برق پر لکھا گیا تو وہ چمکی اور بارش کے قطروں پر لکھا گیا تو وہ جاری ہوئے۔ نور پر لکھا گیا تو وہ روشن ہوا بادلوں پر لکھا گیا تو وہ برسنے لگے اور رعد پر لکھا گیا تو اس نے خشوع کی صدا بلند کی رات پر لکھا گیا تو وہ تاریک ہوئی اور دن پر لکھا گیا تو وہ چمک اٹھا اور تبسم کیا۔

## حدیث نورانی

### از بحر المعارف

سلمان اور ابوذر کے معرفت نورانی سے متعلق سوال کرنے پر حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ نورانیت کے ساتھ میری معرفت خداوند عزوجل کی معرفت ہے اور نورانیت کے ساتھ خدا کی معرفت دین خالص ہے۔ پھر فرمایا :-

فمن اقام ولایتی فقد اقام الصلوٰۃ و

جس نے میری ولایت کو قائم کیا اس نے صلوٰۃ کو قائم

المومن الممتحن الذی لایرد علیه شئ من امرنا الّا شرح اللّٰه صدره بقوله ولم یشك ولم یرتد ومن قال لِم وکیف فقد کفر فسلم اللّٰه امره ونحن امر اللّٰه واعلم انی عبد اللّٰه عزوجل وجعلنی خلیفة علی عباده وبلاده وامینه علی خلقه فی ارضه لا تجعلونا اربابًا وتولوا فی فضلنا ما شئتم فانکم لاتبلغون کنه ما فینا ولا نهایته فان اللّٰه عزوجل قد اعطانا اکبر واعظم مما یصفه واصفکم او یخطر علیٰ قلب احدکم اولیعرفه العارفون فاذا عرفتمونا هکذا فانتم المومنون انا ومحمد نورٌ واحد من نور اللّٰه عزوجل فامر اللّٰه تبارك وتعالیٰ ذلك النور ان ینشق فقال للنصف کن محمدا وصار محمدا وقال للنصف الاخر کن علیًا صار علیًا ومحمد الناطق وصرت انا الصامت قال نضرب بید علی الاخری فقال صار محمّد صاحب الجمع وصرت انا صاحب النشر وانا صاحب اللوح المحفوظ الهمنی اللّٰه علم ما فیه صار محمد خاتم النبیین وانا خاتم الوصیین وصار محمد النبی الکریم وانا الصراط المستقیم صار محمّد الرؤف الرحیم وانا العلّی

کیا امتحان لیا ہوا مومن ہمارے امر سے کسی شے کو رد نہیں کرتا مگر یہ کہ اس کے قبول کرنے کے لئے خدا اس کے سینہ کو کھول دیتا ہے اور وہ نہ شک کرتا ہے اور نہ رد کرتا ہے اور جس نے کہا کہ نہیں اور کس طرح پس وہ کافر ہوا۔ پس اللہ نے اپنے امر کو مسلم کر دیا اور ہم امر خدا ہیں جان لو کہ میں خدائے عزوجل کا بندہ ہوں اور اس نے اپنے بندوں پر اور اپنے شہروں میں مجھے اپنا خلیفہ بنایا اور زمین میں اپنی مخلوق پر اپنا امین قرار دیا ہے تم ہم کو رب مت قرار دو اور ہماری فضیلت میں جو چاہتے ہو کہو پس بہ تحقیق کہ تم نہ اس چیز کی کنہ کو پہنچ سکو گے اور نہ اس کی انتہا کو جو ہم میں ہے۔ بیشک خدائے عزوجل نے ہم کو اس سے زیادہ عطا فرمایا ہے جو تمہارے وصف کرنے والے وصف کر سکیں اور تم میں سے کسی کے قلب میں خیال پیدا ہو سکے یا پہچاننے والے اس کو پہچان سکیں پس تم جب ہماری معرفت اس طرح حاصل کر دگے۔ تم مومن ہو اور محمدؐ خدا کے نور سے ہیں اور نور واحد ہیں پس اللہ نے اس نور کو حکم دیا کہ شق ہو جائے اور نصف کے لئے فرمایا کہ محمدؐ ہو جا وہ محمدؐ ہو گیا اور دوسرے نصف سے فرمایا کہ علی ہو جا اور وہ علی ہو گیا۔ محمدؐ ناطق تھا اور میں ساکت رہا۔

پھر حضرت نے اپنے ایک ہاتھ کو دوسرے پر مار کر فرمایا کہ محمد صاحب الجمع ہیں اور میں صاحب نشر اور صاحب لوح محفوظ ہوں خدا نے مجھے الہام فرمایا ان چیزوں کا جو اس میں ہیں۔ محمد خاتم النبین ہیں اور میں خاتم الوصی ہوں۔ محمدؐ نبی کریم ہیں اور میں صراط مستقیم

العظيم وانا النبا العظيم انا الذى
حملت نوحًا فى السفينة بامر ربى انا الذى
اخرجت يونس من بطن حوت انا الذى
جاوزت بموسىٰ بن عمران البحر بامر
ربى انا الذى اخرجت ابراهيم من
النار وانا عذاب يوم الظلة وانا المنادى
من مكان قريب وانا الخضر عالم موسىٰ
وانا معلم داود وسليمان وانا ذوالقرنين
وانا قدرة الله عزوجل انا محمدٌ ومحمد
انا قال الله تعالىٰ مرج البحرين يلتقيان
بينهما برزخ لا يبغيان انا امير كل
مومن ومومنة ممن مضىٰ وممن
بقى وايدت بروح العظمة وانا تكلمت
على لسان عيسىٰ بن مريم فى المهد و
انا ابراهيم وانا موسىٰ وانا عيسىٰ و
انا محمد اتقلب فى الصور كيف اشآء
من رآنى فقد راهم ونحن نور الله
الذى لا يتغير دائمًا انا عبد من عباد
الله تعالىٰ. انا ايات الله ودلائله وحجج
الله وخليفته وعين الله ولسانه بنا
يعذب الله عباده وبنا يثيب ولو قال احد
لم وكيف وفيم لكفر واشرك وانا احيى
واميت باذن ربى وانا عالم بضمائر
قلوبكم والائمة من اولادى يعلمون
هذا ويعقلون هذا اذا احبوا وارادوا لانا

محمدؐ رؤف و رحیم ہیں اور میں علی العظیم اور خبر عظیم ہوں
میں وہ ہوں جس نے نوحؑ کو حکم رب سے کشتی میں سوار
کیا میں وہ ہوں جس نے یونسؑ کو مچھلی کے پیٹ سے
نکالا۔ میں وہ ہوں جس نے موسیٰ بن عمران کو اپنے رب
کے حکم سے دریا پار کرایا۔ میں ہوں جس نے ابراہیم کو
آگ سے نکالا، میں ہوں یوم ظلہ کا عذاب بھیجنے والا
میں ندا دینے والا ہوں مکان قریب سے میں ہوں خضر
معلم موسیٰؑ میں ہوں داؤدؑ اور سلیمان کا معلم۔ میں
ذوالقرنین ہوں اور میں خدائے عزوجل کی قدرت ہوں
میں محمدؐ ہوں اور محمدؐ میں۔ خدا نے فرمایا کہ دونوں سمندروں
کو ملا دیا جن کے درمیان رکاوٹ ہے وہ ایک دوسرے
پر زیادتی نہیں کرتے۔ میں ہوں امیر ہر مومن و مومنہ کا
جو گذر گئے اور جو باقی ہیں روح عظمت سے میری تائید کی
گئی۔ میں نے جھولے میں عیسیٰؑ ابن مریم کی زبان سے تکلم
کیا۔ میں ابراہیمؑ ہوں میں موسیٰؑ ہوں میں عیسیٰؑ ہوں اور
میں محمدؐ ہوں جس صورت میں چاہوں میں اپنے کو بدل لیتا ہوں
جس نے مجھے دیکھا ان صورتوں کو دیکھا اور ہم اللہ کا وہ
نور ہیں جس میں دائمًا کوئی تغیر نہیں واقع ہوتا۔ میں ایک بندہ
ہوں۔ بندگان خدا سے میں آیات خدا اور اس کے دلائل
و حجج اور اس کا خلیفہ اور اللہ کی آنکھ اور اس کی زبان ہوں
ہماری ہی وجہ خدا اپنے بندوں پر عذاب کرے گا اور
ہماری ہی وجہ ثواب اگر کسی نے ہمارے متعلق کیوں کیا
یا نہیں کہا وہ کافر ہو گیا اور اس نے شرک کیا۔ میں زندہ
کرتا ہوں اور مارتا ہوں اپنے رب کی اجازت سے میں
جاننے والا ہوں تمہارے دلوں کے رازوں کا و نیز

كلنا واحد اولنا محمد واوسطنا محمد
وآخرنا محمد وكلنا محمد فلا تفرقوا
بيننا. فانا نظهر في كل زمان ووقت ارادوا
في اى صورة شئنا باذن الله عزوجل
واذا شئنا شاء الله واذا كرهنا كره الله.
الويل كل الويل لمن انكر فضلنا وخصوصيتنا
وقد اعطينا الله عزوجل الاسم
الاعظم لو شئنا خرقنا السموات والارض
والجنة والنار ونعرج به السماء و
نهبط به الارض نغرب ونشرق وننتهي
به الى العرش فنجلس عليه بين يدى
الله عزوجل ويطيعنا كل شئ حتى
السموات والارض والشمس والقمر
والنجوم والجبال والبحار والشجر والدواب
والجنة والنار ومع هذا كلة نأكل و
نشرب ونمشى فى الاسواق ونعمل
هذه الاشياء بامر ربنا ونحن عباد الله
المكرمون الذين لا يسبقونه بالقول
وهم بامره يعملون معصومين مطهرين
وفضلنا على كثير من عباده المومنين
الحمد لله الذى هدانا لهذا وما كنا
لنهتدى لولا ان هدانا الله وحقت
كلمة العذاب على الكافرين اعنى الجاحدين
بكل ما اعطانا الله من الفضل
والاحسان ۞

میری اولاد سے آئمہ جب ارادہ کرتے اور چاہتے ہیں
اس کو جان لیتے اور سمجھ جاتے ہیں۔ آگاہ ہو جاؤ کہ تحقیق
ہم سب ایک ہیں ہمارا اول محمد ہمارا درمیانی محمدؐ اور
ہمارا آخر محمدؐ ہے اور ہم سب کے سب محمدؐ ہیں۔ پس
ہمارے درمیان فرق نہ کرو۔ پس ہم ہر زمانہ میں ہر وقت
جس صورت میں چاہیں اذن خدا سے ظاہر ہوتے ہیں
اور جب ہم چاہتے ہیں تو خدا چاہتا ہے اور جس چیز کو
ہم مکروہ سمجھتے ہیں اس کو اللہ بھی مکروہ سمجھتا ہے۔ ہلاکت
ہو پوری ہلاکت اس کے لئے جس نے ہماری فضیلت
سے اور ہماری خصوصیت سے انکار کیا۔ خدائے عزوجل
نے ہم کو اسم اعظم عطا کیا ہے اگر ہم چاہیں تو آسمانوں
زمینوں اور جنت و جہنم کو شگافتہ کردیں انہی اسمائے اعظم
کی وجہ آسمانوں پر بلند ہو جائیں زمین کے اندر چلے جائیں
اور مغرب و مشرق میں چلے جائیں اور اسی کی وجہ عرش کی
طرف منتہی ہو جائیں اور اس پر خدائے عزوجل کے سامنے
بیٹھ جائیں۔ ہر شے یہاں تک کہ سماوات، زمین، شمس و قمر،
ستارے، پہاڑ، سمندر، درخت، چوپائے اور جنت و جہنم
ہماری اطاعت کرتے ہیں۔ باوجود ان تمام فضائل کے
ہم کھاتے ہیں پیتے ہیں بازاروں میں چلتے ہیں۔ یہ سب ہم
اپنے رب کے حکم سے ہی کرتے ہیں اور ہم اللہ کے وہ
مکرم بندے ہیں جو اس کے حکم سے ایک سر مو تجاوز نہیں
کرتے اور اس کے حکم پر عمل کرتے ہیں۔ ہم معصومین اور
مطہرین ہیں۔ اس نے ہم کو اپنے بہت سے مومنین بندوں
پر فضیلت دی ہے۔ تمام حمد اس اللہ کے لئے ہے جس
نے ہماری ہدایت کی اگر اللہ ہدایت نہ کرتا تو ہم ہدایت

یا جندب و یا سلمان ھذہ معرفتی بالنورانیۃ تمسک بھا راشداً فانہ لا یبلغ احداً من شیعتنا حد الاستبصار حتی یعرفنی بالنورانیۃ فاذا عرفنی بھا کان مستبصراً بالغاً کاملاً قد خاض بحراً من العلم وارتقی درجۃً من الفضل واطلع سراً من سر اللہ ومکنون خزائنہ ؂

(بحار المعارف صہ ۲۲۸)

نہ پاتے۔ کافرین کے لئے یعنی جان بوجھ کر ہمارے ان تمام فضائل سے جو خدا نے ہمیں عطا کیا ہے۔ انکار کرنے والوں پر کلمہ عذاب ثابت ہو گیا۔

اے سلمان واے جندب نورانیت کے ساتھ یہ میری معرفت ہے اس سے مضبوطی کے ساتھ متمسک رہو۔ پس ہمارے شیعوں میں سے کوئی حد استبصار تک نہیں پہنچ سکتا جب تک کہ وہ مجھ کو نورانیت کے ساتھ نہ پہچانے پس جب اس طرح میری معرفت حاصل کرو گے مستبصر بالغ دکامل ہو جاؤ گے۔ سمندر علم سے علم کے ساتھ فیض یاب ہو گے اور فضل کے مدارج پر بلند ہو گے اور اللہ کے پوشیدہ خزانوں اور اس کے اسرار سے اطلاع پاؤ گے۔

# حضرت علیؑ کا نام

حضرت سلمان نے سوال کیا کہ یا سیدی آپ کا نام کیا ہے۔

حضرت نے جواب دیا کہ انا الذی لا یقع علیہ اسم ولا صفۃ ؂

ظاہری امامۃ و باطنی غیب لا یدرک ؂ یعنی میں وہ ہوں جس پر نہ اسم کا اطلاق ہوتا ہے اور نہ صفت کا میرا ظاہر امامت ہے اور میرا باطن غیب ہے جس کا ادراک ممکن نہیں۔ (شرح زیارت جامعہ ج ۳)

# صدائے ناقوس

کتاب امالی میں صالح بن عیسیٰ نے حارث بن اعور سے روایت کی ہے و نیز احسن الکبار میں مذکور ہے کہ جب حضرت امیر المومنین علیہ السلام شام تشریف لے جا رہے تھے ایک مقام پر گھوڑے کی باگ موڑ دی اور جنگل کا رخ کیا اور فرمایا کہ اس جنگل میں ایک دیر ہے جس میں ایک نصرانی رہتا ہے میں چاہتا ہوں کہ اس کے زنّار کو توڑ دوں اور ناقوس کو ٹکڑے ٹکڑے کر دوں۔ چنانچہ حضرت معہ اصحاب کے روانہ ہوئے اور جب دیر کے قریب پہونچے نصرانی نے دیر سے

سرنکال کر پوچھا کہ اے سرخ رو جوان کہاں سے آرہے ہو اور کدھر کا ارادہ ہے حضرت نے فرمایا کہ میں مدینہ سے آرہا ہوں اور جہاد کے ارادہ سے شام جارہا ہوں۔

نصرانی نے پوچھا کہ اے جوان تم فرشتہ ہو یا انسان۔ حضرت نے فرمایا کہ میں انسانوں اور جنوں کا مقتدا اور فرشتوں کا پیشوا ہوں۔ نصرانی نے کہا کہ میں نے انجیل میں طاب طاب پڑھا ہے کیا یہ تمہارا نام ہے۔ فرمایا کہ طاب طاب محمد مصطفےٰ کا نام ہے اور میرا نام شنطیا ہے۔ عرض کیا کہ توریت میں جو میت میت لکھا ہے کیا وہ آپ کا نام ہے۔ فرمایا کہ میت میت محمد مصطفےٰ کا نام ہے اور میرا نام ایلیا ہے۔ عرض کیا کہ آیا آپ مسیح ہیں۔ فرمایا کہ میں عیسیٰ نہیں ہوں، عیسیٰ میرے دوست ہیں۔ عرض کیا کیا آپ موسیٰ ہیں اور عصا و ید بیضا لے کر آئے ہیں فرمایا کہ میں موسیٰ نہیں ہوں۔ موسیٰ میرے دوستوں میں سے ہیں۔ عرض کیا کہ آپ کے معبود کا واسطہ اپنا نام و نسب بتا دیجئے فرمایا کہ ہر قوم اور ہر گروہ میں میرا نام الگ ہے۔ چنانچہ عرب مجھ کو ہل اتی پکارتے ہیں۔ آسمان اول پر میرا نام عبدالحمید ہے۔ آسمان دوم پر عبدالصمد آسمان سوم پر عبدالمجید آسمان چہارم پر ذوالعلیٰ اور آسمان پنجم پر علیؑ اعلیٰ ہے۔ حضرت رب العزت نے مجھ کو امارت کی مسند پر بٹھایا ہے، علی نام اور امیر المومنین لقب رکھا، رسول کریمؐ نے مجھ کو ابوتراب فرمایا میری ماں نے میرا نام حیدر رکھا اور میرے باپ نے میری کنیت ابوالحسن رکھی۔

یہ سن کر نصرانی ناقوس بجانا شروع کیا۔ حضرت نے پوچھا کہ آیا تو جانتا ہے کہ ناقوس کیا کہہ رہا ہے عرض کیا کہ یہ کانسہ کا بنا ہوا اور میں خاک کا پتلا ہوں۔ خاک کانسہ کی بات کیا جانے۔ فرمایا کہ سلیمان تمام جانوروں کی زبان جانتے تھے میں محمدؐ مصطفےٰ کا وصی ہوں۔ کیا میں بیان کردوں کہ ناقوس کیا کہہ رہا ہے۔ عرض کیا کہ ضرور فرمایئے۔

حضرت نے سمجھایا کہ یہ کس طرح دنیا کی تباہی اور بربادی کو بیان کرتا ہے۔ تب نصرانی نے ایک صیحہ لگایا اس کے ساتھ ہی چار سو نصرانی جو اس دیر میں رہتے تھے دوڑے اور اس کا صیحہ کا سبب پوچھا۔ اس نے جواب دیا کہ میں نے انجیل میں پڑھا ہے کہ ایک خوبصورت جوان اس دیر میں آئے گا۔ جو صدائے ناقوس کو سمجھائے گا وہ مدح و ثنا کا سزاوار ہوگا۔ جو اس پر ایمان لائے گا۔ نجات پائے گا۔ اور جو اس کی اطاعت نہ کرے گا دوزخ میں جائے گا۔ اس جوان نے میرے ناقوس کی آواز کو اس طرح سمجھایا۔ پس میں اس کے دین کو اختیار کرتا ہوں اس کے ساتھ ہی تمام نصاریٰ نے جو اس دیر میں رہتے تھے حضرت کی خدمت میں حاضر ہو کر دین اسلام قبول کرلیا۔ (کوکب دری)

صدائے ناقوس کی تشریح حضرت امیر المومنینؑ نے اس طرح فرمائی۔:

(۱) لا الٰہ الا اللہ — لا الٰہ الا اللہ

حقاً حقاً صدقاً صدقاً — یہ بالکل حق ہے بالکل سچ ہے۔

(۲) سبحان اللہ حقاً حقاً — یہ حق ہے کہ اللہ پاک ہے۔

اِنَّ الْمَوْلٰی صَمَدٌ یَبْقٰی
بیشک وہ سب کا مولا ہے وہ بے نیاز اور ہمیشہ باقی رہنے والا ہے۔

(۳) صِدْقًا صِدْقًا حَقًّا حَقًّا
میرا کہنا حق اور سچ ہے۔

یَحْلُمُ عَنَّا رِفْقًا رِفْقًا
وہ ہم سب سے حلم و رفق سے پیش آتا ہے۔

(۴) اِنَّ الْمَوْلٰی یَسْئَلُنَا
بہ تحقیق کہ وہ سب کا مولا (روز قیامت) ہم سب سے سوال کریگا

وَیُرَافِقُنَا وَیُحَاسِبُنَا
وہ ہمارا حساب لے گا (اور ہم میں جو نیک ہیں) ان پر رفق و مدارا کریگا

(۵) یا مولانا لا تهلکنا
اے ہمارے مولا تو ہم کو ہلاک نہ کر

وتدارکنا واتّخذنا
ہم کو ہر آفت سے بچا اور اپنی خدمت میں رکھ

(۶) حِلْمُکَ عنا قد جرّانا
تیرے حلم نے ہم کو جرأت دلا دی

یا مولانا عفوک عنّا
اے ہمارے مولا ہم کو معاف کر دے

(۷) اِنَّ الدُّنیا قَدْ غَرَّتْنَا
بیشک دنیا نے ہم کو دھوکا دیا

واشغلتنا واستهوتنا
اور ہم کو اپنے میں مشغول کر لیا اور راہ دین سے سرگشتہ کر دیا

(۸) قد ضیّعنا دارًا تبقٰی
ہم نے دار باقی کو ضائع کر دیا

واستوطنّا دارًا تفنٰی
اور دار فانی کو وطن بنا لیا۔

(۹) ابن الدنیا جمعًا جمعًا
اے دنیا کے بیٹے دنیا جماعت جماعت

تفنی الدنیا قرنًا قرنًا
اور قرن قرن کو فنا کر دیتی ہے

(۱۰) کُلٌّ مَوْتٰی کُلًّا موتٰی
سب کے لئے موت ہے سب کے لئے موت ہے

کلا موتٰی کُلًّا دفنٰی
سب کو مرنا ہے۔ اور سب کو دفن ہونا ہے۔

(۱۱) یابنَ الدنیا جمعًا جمعًا
اے دنیا دار جمع کرے (اعمال نیک کا ذخیرہ)

یابنَ الدنیا مهلًا مهلًا
اے فرزند دنیا ٹھہر جا ٹھہر جا (دنیا کے کام میں جلدی نہ کر۔)

(۱۲) یابنَ الدّنیا دقًّا دقًّا
دنیا والے (اس کی رحمت کا دروازہ) کھٹکھٹائے جا۔

یابنَ الدُّنیا وزنًا وزنًا
دنیا والے (کوئی عمل بیجا نہ ہو اور ہر کام ناپا تولا ہو۔

(۱۳) لولا جهلی ما ان کانت
اگر میں نہ جانتا جیسی وہ ہے تو

عِنْدِی الدُّنیا اِلّا سجنًا
دنیا کو قید کا گھر سمجھتا۔

(۱۴) یا ذا مَن ذا کمْ ذا هٰذا
(اے دنیادار) بتا کر دنیا کتنی ہے اور کیا ہے۔

لسنا نرجو انجوا لکننی
(۱۵) خیراً خیراً شرا شراً
شیئاً شیئاً حزناً حزناً
(۱۶) انّ المولیٰ قد انذرنا
انّا نحشر ھذلاً بُھما
(۱۷) لسنا ندری ما فرّطنا
فیہا الاّ یوماً متنا
(۱۸) ما من یوم یمضی عنّا
الّا او ھن منا رکنا
عجّل قبل الموت الوزنا

کیا دنیا ایسی عمدہ ہے کہ تو اس پر للچاتا ہے
خیر کا انجام خیر اور شر کا انجام شر ہوگا
(دنیا میں جو کروگے) ہر بات کا بدلہ ملے گا غم کے کام کا بدلہ غم ملے گا
ہم کو مولا نے ڈرایا ہے
یوم حشر ہم ننگے ہوں گے کوئی ہمیں نہ پہچانے گا۔
دنیا میں جو کئے ہیں اس پر خوش نہ ہونا چاہیئے۔
اس کا حال اسی وقت معلوم ہوگا جب مریں گے۔
ہمارا کوئی دن ایسا نہیں گذرتا
جس میں ایک نہ ایک ہم سے نہ مرتا ہے
اپنی موت سے پہلے اپنے اعمال کا وزن کرنے میں عجلت کر
(کتاب امالی، کوکب دری، ریاض الشہادت)

# خطبہ بغیر الف (خطبہ مونقہ)

یہ خطبہ حضرت امیر المومنین علیہ السلام کے معجزات میں شمار کیا جاتا ہے۔ اس خطبہ میں اول تا آخر ایک لفظ بھی ایسا نہیں جس میں الف ہو حالانکہ زبان عربی میں الف ایسا حرف ہے جو سب سے زیادہ مستعمل ہے۔

مطالب السئول میں لکھا ہے کہ ایک روز رسول کریم اور چند اصحاب ایک مقام پر جمع تھے اور بحث شروع ہوئی کہ حروف تہجی میں کون سا حرف ایسا ہے جس کے بغیر کوئی جملہ پورا نہیں ہو سکتا اور الفاظ میں جس کا سب سے زیادہ استعمال ہو سب نے اتفاق کیا کہ الف کے بغیر کلام کرنا ناممکن ہے۔ اس محفل میں حضرت علی علیہ السلام بھی موجود تھے یہ سنتے ہی آپ نے فی البدیہہ یہ خطبہ ارشاد فرمایا:۔

حمدتُ من عظمت منّتہٗ وسبغت نعمتہٗ وسبقت غضبہٗ رحمتہٗ وتمّت کلمتہٗ ونفذت مشیّتہٗ وبلغت حجّتہٗ وعدلت قضیّتہٗ حمدتہٗ حمد مقرّ بربوبیتہٖ متخضّع بعبودیّتہٖ منفصل من خطیئتہٖ معترف

حمد کرتا ہوں میں اس کی جس کا احسان عظیم ہے اس کی نعمت وسیع و کامل ہے اور اس کی رحمت اس کے غضب پر سبقت رکھتی ہے اس کی حجت بہرطرح چلکی ہے اور اس کا فیصلہ مبنی بر عدل ہے۔
اس کی حمد اس طرح کرتا ہوں جس طرح اس کی ربوبیت کا اقرار کرنے والا اس کی عبودیت میں فروتنی کرنے